نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان میں اہم اجلاس کا انعقاد

اگیتی کپاس کی کاشت بارے پلان کو حتمی شکل دی گئی

کپاس کی اگیتی کاشت کا ہدف 7 لاکھ ایکڑ مقرر، ملتان، ڈی جی خان، فیصل آباد اور ساہیوال ڈویژنز میں کپاس کی اگیتی کاشت کرائی جائے گی، افتخار علی سہو

لاہور، 12 فروری 2026: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ کپاس کی اگیتی کاشت کا ہدف 7 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے، ملتان، ڈی جی خان، فیصل آباد اور ساہیوال ڈویژنز میں کپاس کی اگیتی کاشت کرائی جائے گی جبکہ بہاولپور ڈویژن میں صرف موسمی کپاس کاشت کی جائے گی۔ اس مقصد کے حصول کے لیے محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان میں منعقدہ اجلاس میں کپاس کی اگیتی کاشت کے حوالے سے ایکشن پلان کو حتمی شکل دی گئی۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، وائس چانسلر محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان پروفیسر ڈاکٹر آصف علی، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس شبیر احمد خاں، ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول، ڈاکٹر ساجد الرحمٰن، ڈاکٹر عبدالقیوم، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی، خالد محمود کھوکھر صدر کسان اتحاد، سید حسن رضا، ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ، آصف مجید، وحید ارشد پی سی جی اے سمیت دیگر افسران اور کاٹن گروورز نے شرکت کی۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ہدایت کی کہ اگیتی کاشت کے لیے صرف منظور شدہ اقسام کا تصدیق شدہ بیج استعمال کیا جائے جبکہ کاشتکاروں کی رجسٹریشن کا عمل مکمل کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہاولپور ڈویژن کو کاٹن ویلی بنانے کے لیے قریباً 2 ارب روپے کی لاگت سے منصوبے پر عملدرآمد جاری ہے اور کپاس کی کاشت و پیداوار کے اہداف کے حصول کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو عملی کردار ادا کرنا ہوگا۔ اجلاس میں گندم کی موجودہ صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ غیر جانبدار ذرائع نے صوبہ پنجاب میں ایک کروڑ پینسٹھ لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر گندم کی کاشت کی تصدیق کی ہے جبکہ فیلڈ رپورٹس کے مطابق گندم کی فصل بہترین حالت میں کھڑی ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ گندم کی فصل کے اس نازک مرحلے پر دیکھ بھال کے لیے فیلڈ فارمیشنز کو خصوصی

ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ بعد ازاں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ماڈل ایگریکلچر مال ملتان کا دورہ کیا جہاں انہوں نے آپریشنل سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں

☆☆☆☆